ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم کی مصروفیات

اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے اجلاس میں شرکت :.......۱۶/ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۶ فروری ۲۰۱۵ء بروز جمعۃ المبارک ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدھم شام کے وقت جامعہ خیر المدارس ملتان سے اسلام آباد کے لیے روانہ ہوئے ۔بعد نماز عشاء اسلام آباد میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کے اجلاس میں شرکت کی اور دینی مدارس سے متعلقہ امور پر مشاورت کی۔

انجمن ہلال احمر پاکستان کے اجلاس میں شرکت :.......۱۷ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۲۰۱۵ء بروز ہفتہ ناظم اعلی وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدھم نے چیئرمین انجمن ہلال احمر پاکستان ڈاکٹر سعید الٰہی کی دعوت پر اسلام آباد میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان وانجمن ہلال احمر پاکستان کی طرف سے صحت، خون کا عطیہ، ابتدائی امداد کی تربیت کے موضوع پر اجلاس میں شرکت کی

بنگلہ دیش کا دوروزہ دورہ :.......۱۸/ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۸ فروری ۲۰۱۵ء بروز اتوار ناظم اعلی وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدھم، مولانا قاضی عبدالرشید صاحب مدظلہم (ناظم وفاق صوبہ پنجاب) کے ہمراہ دوروزہ خصوصی دعوت پر الامارات ائیر لائنز کے ذریعے کراچی سے براستہ دوبئی، ڈھاکہ (بنگلہ دیش) کے لیے روانہ ہوئے اس سفر میں جامعہ اقراء ڈھاکہ، مرکز اسلامیہ ڈھاکہ مدرسہ اشرفیہ ڈھاکہ، مدرسۃ الرحمٰن العربیہ ڈھاکہ، مدرسہ باب السلام ڈھاکہ، مدرسہ حسینیہ اسلامیہ سلہٹ، اور دیگر مختلف مقامات پر تشریف لے گئے اور مختلف موضوعات پر خطاب کیا۔

مجلس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں شرکت :.........۲۱ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۱ فروری ۲۰۱۵ء بروز بدھ ناظم اعلی وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدھم نے جامعہ دارالعلوم کراچی میں مرکزی مجلس عاملہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں شرکت کی اور مدارس کے داخلی نظام کو مزید مضبوط اور مربوط کرنے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔

مجلس شوری وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں شرکت :.........۲۲ ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۲ فروری ۲۰۱۵ء بروز جمعرات ناظم اعلی وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدھم نے جامعہ دارالعلوم کراچی میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس شوری کے اجلاس میں شرکت کی اجلاس میں ملک کی موجودہ صورت حال مساجد ومدارس اور مذہبی طبقے کو درپیش مختلف مسائل کے پیش نظر ,,وفاق،، کا لائحہ عمل طے گیا۔ طالبات کے لیے ۶ سالہ نصاب، طلبہ کے لیے عالیہ سال اول (خامسہ) کے نصاب پر مشاورت کی گئی۔

جامعۃ الخیر لاہور میں اتحاد تنظیمات مدراس پاکستان کے اجلاس میں شرکت :.........۲۶/ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۶ فروری ۲۰۱۵ء بروز سوموار ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری زید مجدھم صاحب نے جامعۃ الخیر جوھر ٹاؤن لاھور میں اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان کی طرف سے منعقدہ اجلاس میں شرکت کی اتحاد تنظیمات مدارس پاکستان اور حکومت کے درمیان جاری مذاکرات کا جائزہ لیا اور دینی مدارس کے متعلقہ امور پر مشاورت کی۔

قومی تحفظ ناموس رسالت کانفرس لاھور میں شرکت :.........۲۷/ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ مطابق ۱۷ فروری ۲۰۱۵ء بروز منگل ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب زید مجدھم نے امیر جماعت اسلامی پاکستان جناب سراج الحق صاحب کی دعوت پر

بقیہ ٹائٹل نمبر 3 پر ملاحظہ فرمائیں۔